روزنامہ نوائے وقت کراچی (3) 7 اپریل 2017ء

# دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

پیکرا (PACRA) سے AA - قرار کردہ

UIC PAKISTAN

## 57ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

مطلع کیا جاتا ہے کہ دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کا 57واں سالانہ اجلاس عام ہفتہ 29 اپریل 2017ء کو صبح گیارہ بجے رائل پام گالف اینڈ کنٹری کلب -52 کینال بینک روڈ لاہور میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور:**

1- کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 31 اگست 2016ء کی کارروائی کی توثیق۔

2- 31 دسمبر 2016ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- 31 دسمبر 2016ء کو مکمل ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق دس فیصد حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری۔

4- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق کمپنی کے ممبران کے موجود شیئرز میں ہر سو شیئرز کے لیے گیارہ شیئرز کے تناسب سے یعنی گیارہ فیصد کی شرح سے بونس شیئرز کے اجراء پر غور وخوض اور منظوری۔

5- 2017ء کے مالی سال کے لئے ایکسٹرنل آڈیٹرز کے تقرر اور ان کے مشاہرے کے تعین کی منظوری، میسرز اویس حیدر لیاقت نعمان چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس لاہور سبکدوش ہو گئے ہیں جن کی جگہ پر کمپنی کی آڈٹ کمیٹی نے میسرز الیاس سعید اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس لاہور کی 2017ء کے لئے تقرری کی سفارش کی ہے۔

**خصوصی امور:**

6- بونس شیئرز (بی-22) کے اجراء کے لیے رقم مختص کرنے کی منظوری اور مندرجہ ذیل عمومی قرارداد کو ترمیم یا بلاترمیم پاس کرنا۔

الف) قرار پایا کہ 31 دسمبر 2016ء کو تصرف کے لئے موجود منافع میں سے =/198,352,000 روپے =/10 روپے والے عام حصص کے فلی پیڈ بونس شیئرز (بی-22) کے طور گیارہ فیصد یعنی گیارہ شیئرز برائے ہر 100 شیئرز کی شرح سے کمپنی کے ممبران جن کے نام 21 اپریل 2017ء کو اختتام کار تک رجسٹر پر موجود ہوں، کو جاری کرنے کے لئے مختص کر دیے جائیں۔

ب) مزید قرار پایا کہ بونس شیئرز ہر لحاظ سے موجودہ شیئرز کے مساوی درجہ کے حامل ہوں گے۔

ج) مزید قرار پایا کہ بونس شیئرز کے اجراء کے لئے تناسب سے بچ جانے والے شیئرز کو اکٹھا کر کے اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کر کے اس سے حاصل شدہ رقم کو کسی تسلیم شدہ فلاحی کمپنی کے ڈائریکٹرز کے منتخب کردہ ادارہ کو ادا کرنے کا اختیار ڈائریکٹرز کو دیا جاتا ہے۔

د) مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکرٹری کو مذکورہ قراردادوں پر عملدرآمد کے لیے تمام اقدامات، ڈیڈز اور بونس شیئرز کے اجراء الاٹمنٹ اور تقسیم کے لئے ضروری کارروائی انجام دینے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

7- بورڈ کی سفارشات پر ورکنگ ڈائریکٹرز کو مشاہرے اور کمپنی کے نان ایگزیکٹو/خود مختار ڈائریکٹرز کو 2017ء کے دوران فیس کی ادائیگی پر غور وخوض اور منظوری اور مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد پاس کرنا۔

قرار پایا کہ 2017ء کے دوران ورکنگ ڈائریکٹرز کو مشاہرے اور نان ورکنگ / خود مختار ڈائریکٹرز کو فیس کی ادائیگی کی بورڈ کی سفارشات کے مطابق منظوری دی جاتی ہے۔

8- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

اطہر اے خان

کمپنی سکریٹری

کراچی

7، اپریل 2017ء

**نوٹ:**

1- ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 22 اپریل 2017ء تا 29 اپریل 2017ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی - پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر واقع 1705، 17ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور اے - آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں 21 اپریل 2017ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کی اہلیت کے تعین کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2- اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔

الف) پروکسی لازمی طور پر کمپنی کا ممبر ہو، پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 204، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی میں مل جانی چاہیے۔

ب) پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ج) پروکسی فارم پر دو 2 افراد کی گواہی ہونا چاہیے جن کے نام، سی این آئی سی اور پتے فارم میں درج ہوں۔

3- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

الف) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر/سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر شناخت کے لئے اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ب) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوں گے۔

4- حصص یافتگان سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتہ پر مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

میسرز ایف - ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی - پرائیویٹ) لمیٹڈ - آفس نمبر 1705، 17ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور، اے آئی آئی چندریگر روڈ کراچی 74000۔

5- ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس: کمپنی کے ادا کردہ ڈیویڈنڈ پر ودہولڈنگ ٹیکس منہا کرنے کی شرح حسب ذیل ہے

| نمبر شمار | شیئر ہولڈرز کی نوعیت | کٹوتی کی شرح |
|---|---|---|
| 1 | انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائیلرز | 12.5 فیصد |
| 2 | انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان فائیلرز | 20 فیصد |

جن شیئر ہولڈرز کے نام ایف بی آر کی ویب سائیٹ پر جاری کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں فائیلرز ہونے کے باوجود درج نہیں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ نقد منافع منقسمہ کی منظوری کی تاریخ یعنی 21 اپریل 2017ء تک اپنے ناموں کے اے ٹی ایل میں اندراج کو یقینی بنائیں ورنہ ان کے نقد منافع منقسمہ پر 12.5 فیصد کے بجائے 20 فیصد کی شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس منہا کر لیا جائے گا۔

سی این آئی سی نمبر/ این ٹی این کی تفصیلات اب لازمی ہے اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) کو چیک کرنے کے لئے ضروری ہیں۔

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کا فائیلر/ نان فائیلر ہونے کا تعین انفرادی طور پر کیا جائے گا اور ٹیکس ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر حصص یافتہ کی جانب سے فراہم کردہ شیئر ہولڈنگ کی معلومات پر منہا کیا جائے گا بصورت دیگر ہر جوائنٹ ہولڈر مساوی شیئرز کا حامل سمجھا جائے گا۔

| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب | کل حصص | پرنسپل/ جوائنٹ شیئر ہولڈنگ |
|---|---|---|---|---|---|

انکم ٹیکس کی منہائی سے استثنیٰ کے متمنی ممبران یا کم نرخ پر منہائی کے اہل ممبران سے درخواست ہے کہ تازہ ٹیکس سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت فراہم کریں جیسی بھی صورت ہو۔

6- **سی این آئی سی فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کو نوٹس**

سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے ایس آر او 2011/(I)779 مورخہ 18 اگست 2011، ایس آر او 2012/(I)831 مورخہ 5 جولائی 2012ء اور ایس آر او 2014/(I)19 مورخہ 10 جنوری 2014ء کے تحت ڈیویڈنڈ وارنٹس پر رجسٹرڈ ممبر یا مجاز شخص کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبر کا اندراج لازمی قرار دیا گیا ہے ماسوائے نابالغ افراد اور کارپوریٹ ممبران کے، لہٰذا جن ممبران نے ابھی تک اپنے سی این آئی سی کی کاپی کمپنی / شیئر رجسٹرار کو فراہم نہیں کی ہے ان سے درخواست ہے کہ جلد از جلد فراہم کر دیں۔ سی این آئی سی کی کاپی کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی ایس ای سی پی کی ہدایات کی تعمیل میں ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل روک سکتی ہے۔

7- **بونس ایشو پر 5 فیصد کی شرح سے ودہولڈنگ ٹیکس**

فنانشل ایکٹ مجریہ 2014ء کے تحت بونس شیئر جاری کرنے والی لسٹیڈ کمپنیوں کو مذکورہ آمدنی پر انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کی دفعہ 236 ایم کے تحت بونس شیئرز پر پانچ فیصد کی شرح سے ٹیکس وصول کرنے کی ذمہ داری دیدی گئی ہے۔ کمپنی کا وصول کردہ ٹیکس کمپنی کے حصص یافتگان کی آمدنی پر حتمی ٹیکس ہوگا جو بونس شیئرز کے اجراء سے حاصل ہوگا۔ اسٹاک ایکسچینج کے حوالہ سے کمپنی بونس شیئرز کے اجراء پر 5 فیصد بونس شیئرز روک لے گی۔ یہ روکے گئے بونس شیئرز کتب کی بندش کے پہلے دن کے اختتام پر نرخوں کی بنیاد پر کل بونس شیئر کی مالیت پر پانچ فیصد کے مساوی ٹیکس پندرہ دن کے اندر جمع کرانے والے شیئر ہولڈرز کو جاری ہوں گے۔ کمپنی یا پھر شیئر ہولڈر کی جانب سے ڈیفالٹ کی صورت میں روکے گئے بونس شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان یا کسی دیگر اینٹٹی میں جمع کرا دیے جائیں گے۔

8- **مالی گوشواروں کا اجراء**

کمپنی نے 31 دسمبر 2016ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ سالانہ گوشوارہ معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس اپنی ویب سائیٹ www.theunitedinsurance.com پر جاری کر دیا ہے۔

### کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 160(1)(بی) کے تحت بیان

1- بونس ایشو قواعد وضوابط کے تحت جاری ہوں گے۔

2- 31 دسمبر 2016ء کو ریزروز اور منافع سے مطمئن ڈائریکٹرز نے بونس شیئرز کے اجراء کی سفارش کی ہے۔ ڈائریکٹرز کو کمپنی کے ممبر کی حیثیت کے علاوہ بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی دلچسپی نہیں۔

3- کمپنی کے ورکنگ ڈائریکٹرز کو مشاہرے اور نان ایگزیکٹو/ خود مختار ڈائریکٹرز کو فیس کی ادائیگی کے ضمن میں ڈائریکٹرز کو مندرجہ بالا خصوصی امور میں کوئی بالواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی نہیں۔